پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

25¢

جلد: ۹
شمارہ: ۱۳

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۵ ذیقعدہ سنہ ۱۴۰۰ھ
۱۵ ستمبر ۱۹۸۰ء

پاکستان کے دشمن کان کھول کر سن لیں، ہمارا ہر شہری آخری ہتھیار کے ساتھ آخری دم تک لڑے گا: صدر ضیاء

ملک کا تحفظ صرف مسلح افواج کی ذمہ داری نہیں، ہر پاکستانی کو مادر وطن کے دفاع کے لئے فوجی تربیت حاصل کرنی چاہئیے۔ پاکستان عظیم قربانیوں کا ثمر ہے، ہر محب وطن شہری ...

مسلح افواج اپنی ذمہ داری پوری کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں

... شہداء کی بیواؤں اور معذور فوجیوں کو مکانات دینے کی تقریب سے خطاب

[illegible]



ڈاکٹر نذیر کے قتل کی دوبارہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا

[illegible]

افغانستان پر حملے کے بعد روس کو امریکی ٹیکنالوجی کی برآمد میں اضافہ

افغانستان میں استعمال کی جانے والی روسی لاریاں امریکی مدد سے تیار کی گئی ہیں ۔ امریکہ ٹینکوں کے انجن تیار کرنے کیلئے پلانٹ روس کو دے رہا ہے

امریکی شعبہ برآمدات کے ڈپٹی چیف احتجاجاً مستعفی ہو گئے

روسی کارخانوں کے کمپیوٹر اور مشینیں امریکہ نے فراہم کی ہیں

[illegible]

خمینی ٹ اور جاوید اقبال کی مجاہد ... فلسطینی بھائیوں کیلئے پاکستانیوں کے جذبات کی مظہر ...

[illegible]

بھارت میں مسلمانوں کی نسل کشی کیلئے اندرا جن سنگھ گٹھ جوڑ کا انکشاف

مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی آبادی اور سنبھلتی ہوئی اقتصادی حالت پر ہند فرقہ پرستوں کو گہری تشویش، آبادی کو ایک خاص حد سے آگے نہ بڑھنے دینے پر اتفاق رائے

مسلمانوں کے پرسنل لاء میں تبدیلی کر کے ایک سے زائد شادیوں پر پابندی لگائی جائیگی

فسادات کے دوران فوج، پولیس، سیکیورٹی فورس اور ہندو بلوائیوں میں گہرا تعاون

[illegible]

غیر مسلموں کو زکوٰۃ کی واپسی

[illegible]

بھارت ۔ عورتوں کیلئے جہنم

[illegible]

ایک ہی سب کا خدا، دین بھی ایمان بھی ایک

[illegible]

مسلم حکومتوں اور تنظیموں کو کیا کرنا چاہیے

- اگر پانی کے برتن میں مسلمان کا ہاتھ لگ جائے تو اسے توڑ دیتے ہیں
- مسلمانوں کو آپس میں لڑاتے ہیں اور ان میں بعض کو خرید لیتے ہیں،
- پاکستان کے دشمن ہیں اور اس کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں

[illegible]

یہی مسلم دشمن قوتوں کے خلاف مضبوطی سے کھڑے ہو جانا چاہیے۔ کوئی دوستی، کوئی تجارت اور کوئی مفاد مسلمانوں کے مفاد سے مقدم نہیں ہونا چاہیے

علمائے کرام کو اعلیٰ اختیاراتی ملازمت دی جائیگی ارکان کی حیثیت سے مشیر کے قیام کی جد و جہد

انتخاب چاروں صوبوں سے ہوگا اجلاس ہر دو ماہ بعد ہوگا علاقائی عدالت بھی تشکیل دی جائیگی شرعی عدالتوں اور صوبائی کونسلوں میں بھی علماء کو نمائندگی دی جائیگی

علماء کے ۲۲ نکات کو اسلامی نظام کے قیام کیلئے مشعل راہ بنایا جائیگا

تبلیغ، تعلیم، تعاون، سماجی معیشت، اسلامی جہاد اور تنظیم مساجد کیلئے کمیٹیاں بنائی گئیں

[illegible]

مراد آباد میں ۹ مزید افراد کو بھی گرفتار کر لیا گیا

[illegible]

سعودی عرب بھارت کی سب سے بڑی منڈی ہے

[illegible]

پاکستان دشمن تخریب کاروں کے خفیہ گروہ کا انکشاف

گروہ کے ارکان ملک کے نظریہ اور سالمیت کے خلاف لٹریچر تیار کر کے تقسیم کرتے تھے پولیس نے طویل تعاقب اور جدوجہد کے بعد کراچی اور سندھ میں چھاپے مار کر پانچ افراد کو پکڑ لیا جن کا سندھ سے تعلق ہے، لٹریچر، پمفلٹ اور قابل اعتراض وسائل قبضہ میں لے لئے گئے



بیرونی طاقتیں تخریب کے لئے سرمایہ فراہم کر رہی تھیں

افغانستان کی جنگ ویت نام سے بھی زیادہ دوررس نتائج کی حامل ہوگی قاضی حسین احمد

بھارت کے مسلم کش فسادات کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل تیار کیا جائے

نظام زکوٰۃ پر کوئی اختلاف نہیں آرڈیننس کی بعض خامیوں کو بھی جلد دور کر دیا جائیگا صدر ضیاء

عیدالاضحیٰ پر زکوٰۃ کمیٹیاں قربانی کی کھالیں بھی جمع کر سکتی ہیں

بھارت اسلحہ کی خرید و فروخت کیلئے یہودی اسمگلر کی خدمات حاصل کر لیں

BUYING OR SELLING OF REAL ESTATE

Entrust your requirement to person

- Who can help you with best possible advice with RELIABILITY and EFFICIENCY.
- Who takes PERSONAL interest in your requirements.
- Who can help you locate suitable EARLY buyers for YOUR house/store at fair prices.
- Who can help you locate a good house of YOUR choice at competitive price in desired location and surrounding, with modest Down Payment and LOW carrying charges.

For service with a difference, please contact with confidence

A.R.G. KHAN
Aroma Realty Ltd.
Real Estate and
Business Brokers

1165A Bloor St. West
Toronto, Ont. M6H 1M9
Office: 532-4421
Phones Res: 745-4864

مکان و کاروبار کی خرید و فروخت
کے خواہشمند حضرات

ہمارے بہت سے کرم فرما جو پاکستان، ہندوستان، ویسٹ افریقہ، ساؤتھ افریقہ، بنگلہ دیش وغیرہ مقامات سے تعلق رکھتے ہیں اور اس ملک میں مستقل سکونت پذیر ہیں وہ اپنے ہم خیال، ہم زبان، تہذیب، تمدن، مزاج اور ماحول میں رہنے اور اپنا کاروبار کرنے میں زیادہ دلچسپی محسوس کرتے ہیں۔
لہٰذا آپکے مکان، تجارت، زمین یا اسٹور وغیرہ کی خرید و فروخت کے امکانات اسی کے تحت ہو سکتے ہیں، لہٰذا آپ کی منزل مقصود ضروریات کیلئے ہمیں بہترین خدمت کا موقعہ عنایت کریں

ગુજરાતી ભાષા જાણનાર તરીકે અને ગુજરાતી, ઇસ્માઇલી અને ઇસ્નાઅશરી વેપારી ભાઇઓની જરૂરીયાતનો પુરેપુરો અંદાજ હોવાથી કુદરતી રીતે અમે આપની સેવા વધુ સંતોષકારક રીતે કરી શકીશું.
અમારો ધ્યેય : આપનો સંતોષ એજ અમારી સફળતા.

مری قبیلے پر سابقہ دور کے مظالم انتہائی افسوسناک ہیں گورنر بلوچستان

متاثرہ خاندانوں کو اپنے پیروں پر کھڑے ہونے اور معاشرے میں ان کا باوقار مقام بحال کرنے میں مدد دینے کے لئے صدر نے اس امداد کے لئے فوری اقدام کا حکم دیا ہے بحالی کا کام ایک منصوبے کے تحت شروع کر دیا گیا ہے

اگلے مرحلے میں دوسرے نقصانات کی تلافی کیلئے مدد دی جائے گی

عام معافی کا اعلان مقررہ تاریخ تک کیلئے ہے لوگ اپنے گھروں کو واپس لوٹ آئیں

کوہلو ایجنسی میں ۹۲ ترقیاتی اسکیموں پر ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں

جانی نقصان اٹھانے والے ۲۲۴ مری خاندانوں کو ۲۹ لاکھ ۵۲ ہزار روپے کی امدادی رقم تقسیم کی گئی

سستے انصاف کی فراہمی کیلئے متعدد اقدامات زیر غور ہیں

مسلمان کہیں بھی مصیبت میں ہوں تو پاکستانی عوام ان کا دکھ محسوس کرتے ہیں

امریکہ ایران اور پاناما معزول شاہ کو نظر بند کر دینے پر متفق ہو گئے تھے

تہران میں یرغمالیوں کی فوجی ہسپتال منتقلی اور پاناما میں شاہ کی گرفتاری کی ایک ساتھ عمل میں آتی

شاہ کی واپسی کے مطالبہ پر پاناما کی حکومت طویل مقدمہ کی سماعت شروع کر دیتی

معزول شاہ کے معالج کا انکشاف



مراد آباد اور آگرہ میں متعدد پاکستانی باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا

فساد زدہ علاقوں میں لاشوں کے تعفن سے وبا پھوٹ پڑنے کا خطرہ، بیماریوں کی مہم شروع کر دی گئی

مراد آباد میں فوجی دستوں کا گشت جاری، الہ آباد میں ایک مسجد سے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ

برصغیر میں برطانیہ کے انتقال اقتدار کے مذاکرات پر نہرو کے ناجائز تعلقات کا اثر

اردن میں اخوان المسلمون کا صفایا کرنے کیلئے حکومت شام و بعض عرب ممالک کا خفیہ منصوبہ

ایک اخوانی رہنما کو قتل کر دیا گیا شامی حمایہ مار دستے سرحد پار کرکے ۲۴ اخوانیوں کو گرفتار کر لیا

ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کے اعتراضات پر صدر ضیا الحق نیچے اتر آئے!

گروسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West

Toronto, Ont.

ALL WHEELS DRIVING SCHOOL AND RENT - A - CAR

JAVAID

1070 Queen St. West
Toronto, Ontario

533-3515

اسلامی سربراہ کانفرنس اسرائیل کے خلاف پابندیاں لگانے پر غور کریگی آغا شاہی

اقوام متحدہ اسرائیلی جارحیت سے نمٹنے میں ناکام رہی ہے



آغا شاہی

بھارتی پولیس کے ظلم و ستم کی تحقیقات کے لئے آزاد ادارہ قائم کیا جائے ایمنسٹی

بھارتی فسادات پر حکومت کی خاموشی کے خلاف بنگلہ دیش میں زبردست احتجاج

محمد مرکزی جمعیت اہلحدیث کے تحت بادشاہی مسجد میں نماز جمعہ ادا کی

علماء اختلافات بھلا کر ملت کو مستحکم کریں قرارداد

محکمہ ڈاک کی ہڑتال

تین لڑکیوں کا قتل

ایسی آزادی کس کام کی؟

زہرہ عثمانی

الحذر! اے سگریٹ نوشاں



پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو، کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

[illegible]

بھارتی مسلمان سے اسلامی دنیا کی بے حسی!

مراد آباد میں عید الفطر کے دن مسلم کش فسادات کا جو سلسلہ شروع کیا گیا تھا، اور جس کی لپیٹ میں کشمیر سمیت بھارت کے کئی اور علاقے بھی آ گئے ہیں، وہ ابھی تک جاری ہے۔ [illegible]

[illegible]

القرآن

عیسیٰ مصلوب نہیں ہوئے

پھر اپنے کفر میں یہ اتنے بڑھے کہ مریم پر سخت بہتان لگایا اور خود کہا ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ کو قتل کر دیا ہے حالانکہ فی الواقع انہوں نے نہ اس کو قتل کیا نہ صلیب پر چڑھایا بلکہ معاملہ ان کے لئے مشتبہ کر دیا گیا اور جن لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف کیا ہے وہ بھی دراصل شک میں مبتلا ہیں، ان کے پاس اس معاملہ میں کوئی علم نہیں ہے، محض گمان کی پیروی ہے۔ انہوں نے مسیح کو یقیناً قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھا لیا، اللہ زبردست طاقت رکھنے والا اور حکیم ہے۔ (النساء ۱۵۵–۱۵۸)

جواہر رسالت

مولانا افتخار احمد بلخی مرحوم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے باپ، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ (بخاری و مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں مجھ سے زیادہ محبت رکھنے والے افراد میں وہ لوگ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور ہر ایک یہ تمنا کرے گا کہ کاش اپنا گھر بار اور مال سب قربان کر کے کسی طرح مجھے دیکھ لیتے۔ (مسلم)

تشریح: انسانی فطرت، جذبات اور نفسیات کا تقاضہ ہے کہ جس ہستی سے جس شخص کو جتنی گہری محبت اور جس قدر تعلق و وابستگی ہوتی ہے اسی لحاظ سے وہ شخص اس ہستی کی خوشنودی اور رضا کے حصول کی دھن میں لگا رہتا ہے اور اس کو اپنی جانب متوجہ کرنے [illegible] لگا رہتا ہے اپنے ایک ایک لفظ اور ایک ایک قدم پر کڑی نگاہ رکھتا ہے کہ کہیں میری کسی بات کسی عمل اور لغزش سے اس ہستی کے جذبات مجروح نہ ہو جائیں اور وہ ناراض نہ ہو جائے۔ شب و روز اسی تدبیر میں لگا رہتا ہے جس سے یہ باہمی ربط پائیدار سے پائیدار تر ہو کر دوام و ثبات سے ہمکنار ہو جائے۔ پس جس مسلمان کے قلب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت جتنی گہری اور اس کے خلوص میں جتنی شدت ہو گی اسی اعتبار سے آپ کی اطاعت اور اتباع [illegible] اس کے عمل کا ظہور ہو گا اور یہ محبت جب حقیقی والہانہ شیفتگی اختیار کرتی جائے گی، اتنا ہی اسوۂ رسول کے اتباع میں انسان آگے بڑھتا چلا جائے گا۔ اور رسول کی اتباع اور اطاعت بعینہٖ اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری ہے اس لئے خدا کی صحیح معرفت کا واحد ذریعہ رسول کی ذات ہے لہٰذا یہ ناممکن ہے کہ انسان اسوۂ رسول کے اپنائے بغیر احکام خداوندی کا مطیع بن سکے اور جب نجات و فلاح کا دارومدار احکام خدا کی بجا آوری پر ہے تو اس فوز و فلاح کے حصول کا تصور بھی اتباع رسول کے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ اور اتباع رسول میں خلوص و دوام نہیں ہو سکتا تاوقتیکہ رسول کی محبت رگ و پے میں بسی ہوئی نہ ہو۔ انسان جب اپنی جان سے بھی زیادہ رسالت مآب کو عزیز رکھے گا تو اس کی روح اس سے لرزاں رہے گی کہ اس کا کوئی عمل اور کوئی قدم ایسا اٹھے جس سے رسول کی کسی ہدایت کو ٹھیس لگ رہی ہو، جب اس کے دل و دماغ کا یہ عالم ہو گا تو وہ آپ سے آپ رضائے الٰہی کا مستحق اور جنت خداوندی کا سزاوار ہو گا۔

مسجدِ اقصیٰ

ادا جعفری

ایسا اندھیر تو پہلے نہ ہوا تھا لوگو!
لو چراغوں کی تو ہم نے بھی لرزتی دیکھی
آندھیوں سے کبھی سورج نہ بجھا تھا لوگو!
آئینہ اتنا مکدر ہو کہ اپنا چہرہ
دیکھنا چاہیں تو اغیار کا دھوکا کھائیں
ریت کے ڈھیر پہ ہو محمل ارماں کا گماں
منزلیں کاسۂ دریوزہ گری بن جائیں
قافلے لٹتے ہی رہتے ہیں گزرگاہوں میں
لوٹنے والوں نے کب حرم سفر بھی لوٹا؟
دجلۂ خوں تو نئی بات نہیں ہے، یہ کہو
وہ جو ڈوبا ہے سفینہ ہے کہ ساحل ڈوبا
جادۂ شوق کہ ہے مسجدِ اقصیٰ پہلے
دل بھی قبلہ ہے یہ قبلہ نہ ڈھا تھا پہلے
نامناسب تو نہ تھا شعلہ بیاں بھی ہوتے
تم مگر شعلہ بہ دل، شعلہ بہ جاں بھی ہوتے
تم تو خورشید بکف تھے سر بازار وفا
کیوں حریف نگہ چشم تماشا نہ ہوئے
کس کی جانب نگراں تھے کہ نگہ بے سُو کو
تم تو خود اپنے مقدر کی مثال ہوتے تھے
اس صحیفے میں ندامت کہیں مرقوم نہ تھی
اس خریطے میں ہزیمت کہیں مرقوم نہ تھی
ان سے آتے تھے تو بابل نظر آتے تھے
دار و زنجیر پہ سجائے ہوئے سر جاتے تھے
جب نہ جاتے تھے بگولوں سے نقوشِ کفِ پا

ان راہوں میں ہیں رسولوں کے نقوشِ کفِ پا
محترم ہے مجھے اس خاک کا ذرہ ذرہ
ہے یہاں سرورِ کونین کے سجدے کا نشاں
اس ہوا میں مرے آقا کے نفس کی خوشبو
اس حرم میں مرے مولا کی سواری ٹھہری
اس کی عظمت کی قسم ارضِ دلستانِ کہاں
تم نے کچھ قبلۂ اول کے نگہبان! سنا؟
حرمتِ سجدۂ گہِ شاہ کا فرمان سنا؟
زندگی مرگِ عزیزاں کو تو سہہ جاتی ہے
مرگِ ناموس مگر ہے وہ دہکتی بھٹی
جس میں جل جائے تو خاکستر دل بھی نہ ملے
اور تپ جائے تو کندن ہے وجودِ انساں
چہرہ پہ بکھرے ہوئے لمحات گراں تا بہ گراں
آپ مینارۂ انوار میں ڈھل جاتے ہیں
عرش سے خاک نشینوں کو سلام آتے ہیں
خارزاروں کو کسی آبلہ پا کی ہے تلاش
آج پھر رحمتِ یزداں کا سزاوار آئے
وادیٔ گل سے بگولوں کا خریدار آئے
دلِ بیدار لئے غلاموں کا جہاندار آئے
پا پیادہ کوئی پھر قافلہ سالار آئے
ریگزاروں میں کوئی تشنہ دہن آ جاتے
جوشِ دیوانگی اہلِ یقیں جنوں فرمائے

مومن ——— علامہ اقبال

بجلی ہوں نظر کوہ و بیاباں پہ ہے میری
میرے لئے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے
عالم ہے فقط مومنِ جانباز کی میراث
مومن نہیں جو صاحبِ لولاک نہیں ہے

محفلِ شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

تکلّف

تکلف اعتبیں کے عیبے کیجئے
حقیر دنیا کی کیا ہے جہاں پڑھئیے
اکبر الہ آبادی

کلام یاروں میں کیا تکلف کا
بے تکلف اتحاد و مقبل ہے
امیر مینائی

اے ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر
آرام سے وہ ہے جو تکلف نہیں کرتا
ذوق

اے شوق تکلف تو شرافت کا نشاں ہے
دہقان ہیں وہ جو کہ تکلف نہیں کرتے
شوق

تکلف کچھ حجیب کر ہی نہیں تھا
نظر ان کی بھی شرمائی ہی رہی ہے
عرشؔ ملسیانی

تکلف سے بری ہے حسنِ ذاتی
قبائے گل میں گل بوٹا کہاں ہے
آتش

یہ نظم ادارہ کریسنٹ کی جانب سے شائع ہونے والے شمالی امریکہ کے شعرائے اردو کے انتخابِ کلام "بازگشت" سے لی گئی ہے۔

برگِ تازہ

میرے آنچل میں مہکتی ہیں ابھی
تیرے ہاتھوں کی گلابی صبحیں
اور ہاتھوں میں ہے مہتاب جوانی کی فضا
وہ تیرے قندی افق کا زینہ
میں نے دامن میں چنے تھے جس جا
تیرے اشکوں کے نگیں
تیرے حسیں ہونٹ مہاں
میری پلکوں پہ جھکے تھے شاید
برگِ تازہ کی طرح

فرحانہ عزیز (ڈیٹرائٹ)

بازگشت

(شمالی امریکہ کے اردو شعراء کا منتخب کلام)
شائع ہو گیا۔

قیمت ۵ ڈالر۔ ڈاک خرچ ۵۰ سینٹ۔ اپنی کاپی کے لیے
چیک یا منی آرڈر ذیل کے پتہ پر روانہ کیجیے۔

CRESCENT PUBLICATION
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont.
CANADA M2H 2P6

از: کنہیا لعل کپور

دل کا دورہ

[illegible]

انگریزی میں شائع ہونے والا
اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان
"کریسنٹ"
ہر پندرہ دن بعد باقاعدگی سے
شائع ہوتا ہے اور "الہلال"
کی سالانہ خریداری قبول
کرنے پر بلا معاوضہ بھیجا
جاتا ہے۔ "الہلال"
کی خریداری کا کوپن صفحہ
آخر پر ملاحظہ کیجیے

Crescent

اردو سوسائٹی آف امریکہ اینڈ کینیڈا
انڈیا آرٹس اکاڈمی کے تعاون سے
امریکہ اور کینیڈا کے مختلف بڑے شہروں میں
پیش کرتی ہے
اپنی نوعیت کا پہلا
شاندار اردو مشاعرہ
جس میں علمی دنیا اور اردو ادب و ہند کے مایۂ ناز شعراء و ادیب
کیفی اعظمی، مجروح سلطان پوری، سردار جعفری
عزیز قیسی، اختر الایمان، اندر کمار مینا قاضی
بیکل اتساہی، حسن کمال اور واجدہ تبسم
شرکت کر رہے ہیں۔
مزید معلومات کے لیے ذیل کے فون پر رابطہ قائم کیجیے:
(312) 262-2960

کیرولائنا میں اسلامی سرگرمیاں

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور دنیا میں اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا تو ان کو دین اسلام ودیعت فرمایا پھر ان کے بعد اپنی رحمت کاملہ سے انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیاء و رسل علیہم السلام کا سلسلہ شروع فرمایا اور آخر میں شہر امین، مکہ مکرمہ میں سید المرسلین خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین، حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو تمام کائنات کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ سے رشد و ہدایت کا سلسلہ چار دانگ عالم میں شروع ہوا جو بڑھتے بڑھتے یہاں امریکہ تک بھی آ پہنچا ہے۔ چنانچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ونسٹن سیلم کا پیارا شہر بھی ہے۔

ونسٹن سیلم ریاست نارتھ کیرولائنا کے وسط میں واقع ہے۔ یہ ریاست کئی لحاظ سے ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ اپنے گوناگوں قدرتی مناظر اور کاشت کی وجہ سے مشہور ہے۔ اسی وجہ سے غیر ملکی لوگ یہاں کثیر تعداد میں کھنچے چلے آتے ہیں۔ چنانچہ اس شہر میں سب سے پہلے جو مسلمان آکر آباد ہوئے ان میں سے ایک راقم الحروف کے بڑے بھائی ڈاکٹر محمد امجد بھٹی ہیں۔ ان کے بعد ہم تین بھائی اور ہمارے والدین بھی اسی شہر میں آ بسے۔ رفتہ رفتہ اس شہر میں اور مسلمانوں کی آمد شروع ہو گئی۔ جو اب ماشاء اللہ کافی تعداد میں یہاں آباد ہیں۔

جب چند مسلمان گھرانے اس شہر میں اکٹھے ہو گئے تو یہاں نماز کا سلسلہ شروع کرنے کے لیے سب سے پہلے عید کے موقع پر اس شہر کے اور ارد گرد کے مسلمانوں کو عید کی نماز کی دعوت دی گئی۔ چنانچہ سب لوگ بہت خوشی سے اکٹھے ہوئے اور نماز ادا کی گئی۔ ابتداء میں عید کی نماز بڑے بھائی ڈاکٹر بھٹی کے گھر پڑھی جاتی تھی۔ لیکن جب لوگوں کی تعداد بڑھنے لگی تو باہر کھلی جگہ میں نماز کا بندوبست کیا گیا۔ چنانچہ گزشتہ تین سال سے نماز عید پارک میں ادا کی جاتی ہے۔ اور ہر سال نماز عید میں شرکت کرنے والوں کی تعداد ماشاء اللہ بڑھتی جا رہی ہے۔ نماز جمعہ پچھلے چار سال سے راقم الحروف کے گھر پر ادا ہوتی رہی۔ مگر اس سال کچھ لوگوں کی کوشش سے ایک مکان کو مسجد میں بدل کر نماز جمعہ ادا کی جاتی ہے۔

محمد ارشد بھٹی
(ونسٹن سیلم)

پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستانی سفارت خانے کا عارضی دفتر ٹورانٹو کی رائل یارک ہوٹل میں جو ۱۰۰ فرنٹ اسٹریٹ ویسٹ پر واقع ہے ۱۹ اور ۲۰ ستمبر کو دو دن کے لیے کھلا رہے گا۔ اوقات صبح ۹ بجے سے شام ۵ بجے تک ہوں گے۔ درمیان میں دن کے ایک بجے سے دو بجے تک کھانے کا وقفہ ہوگا۔ رائل یارک ہوٹل میں آفس کا ٹیلیفون (416) 368-2511

کینیڈا کے ایمپلائمنٹ ٹیکس کریڈیٹ پروگرام میں توسیع کر دی گئی ہے۔

Create a job and you can create up to a $4,160 tax break for yourself.

ایک جائیداد اپنے کاروبار میں نکالیے اور اپنے ٹیکس میں ۴۱۶۰ ڈالر تک کمی کیجیے۔

یہ بہت سہل ہے۔

آپ اپنے فیڈرل انکم ٹیکس سے 4,160 ڈالر یا اس سے بڑی رقم کم کرنا پسند کریں گے ؟

یہ کام بہت آسان ہے۔ اپنے کاروبار میں نئی جائیداد بن نکالیے اور اپنے ٹیکس میں 4,160 تک کی ہر نئے ملازم کے لیے حاصل کیجیے۔ شرط اتنی ہے کہ نئی جائیداد ایمپلائمنٹ ٹیکس کریڈٹ پروگرام کے نتیجے میں نکالی گئی ہو۔

اور یہ کام بڑا سہل ہے۔ صرف ایک صفحہ پر مشتمل فارم کی خانہ پری کیجیے۔ تفصیلات کے لیے اپنے مقامی کینیڈا ایمپلائمنٹ سنٹر سے یا اس فون نمبر پر رابطہ قائم کیجیے (416) 484-5702

Employment and Immigration Canada — Lloyd Axworthy, Minister
Emploi et Immigration Canada — Lloyd Axworthy, Ministre

Canada

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

پاکستانی مسلمان، اٹھارہ سالہ کینیڈین سٹیزن لڑکی کے لیے رشتہ درکار ہے۔ لڑکا ڈاکٹری، انجینئرنگ یا اکاؤنٹنگ میں تعلیم مکمل کر چکا ہو یا عنقریب مکمل کرنے والا ہو۔ پتہ ذیل پر خط لکھیے۔

M. N. B.
C/O CRESCENT

●

مشرقی و مذہبی ماحول سے تعلق رکھنے والے سنی المذہب کینیڈین امیگرنٹ خاندان کے بھائی بہن، لڑکا عمر ۳۳ سال، صحت مند، تعلیم بی۔ ایس، ماہانہ آمدنی بارہ سو ڈالر۔ لڑکی عمر ۲۹ سال، صحت مند، تعلیم گریڈ VIII، ماہانہ آمدنی پانچ سو ڈالر کے لیے متبادل یا الگ رشتے مطلوب ہیں۔ سرپرست حضرات پورے اعتماد کے ساتھ پتہ ذیل پر پہلے ہی خط میں مکمل تفصیل لکھ بھیجیں:

P.O. BOX 751
ELLICOTT CITY,
MD. 21043 - USA

●

کینیڈین شہریت رکھنے والی اٹھارہ سالہ سنی المذہب گریڈ XII کی طالبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم یافتہ، ڈاکٹر یا پروفیشنل کا رشتہ مطلوب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پہلے ہی خط میں مکمل تفصیل تحریر فرمائیں۔

S. R.
C/O CRESCENT

برائے فروخت

ایک کمرشیل بلڈنگ جس میں حلال گوشت کی دکان ہے اور دکان کے ساتھ ملحقہ وسیع عمارت جو شیکڑی وغیرہ کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے، برائے فروخت ہے۔ مزید معلومات کے لیے رابطہ قائم کیجیے۔

MRS. LANGE
PHONE: 535-7462
(2210 DUNDAS ST. W.)

نوٹ

قارئین نوٹ فرمالیں کہ اس اخبار کا پچھلا شمارہ حسب ذیل تاریخ کو ڈاک کے حوالے کیا گیا تھا۔ اگر آپ کو اخبار دیر سے ملتا ہو تو اپنے علاقے کے پوسٹ آفس سے شکایت کیجیے۔

331376
29 VIII 1980
DON MILLS
ON

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

انتظار

امت الوہاب

[illegible]

مسلم کش فسادات کیخلاف پاکستان کے بیان پر بھارت کا احتجاج

دہلی میں پاکستانی سفیر کو دفتر خارجہ میں طلب کر کے بھارت کی تشویش سے آگاہ کیا گیا

فرقہ وارانہ فسادات کے خلاف مہم منظم کر کے پاکستان بھارت کے اندرونی معاملات میں مداخلت کر رہا ہے۔ (افضل گانڈھی)


[illegible]

بھارتی صوبہ کیرالہ کے وزیر اعلیٰ نے صوبائی خود مختاری کا مطالبہ کر دیا

مرکزی حکومت صوبوں کے ساتھ امتیازی سلوک کر رہی ہے، دفاع، امور خارجہ اور کرنسی کے سوا تمام شعبے صوبوں کے حوالے کئے جائیں

[illegible]

شام کے صدر اسد نے اخوان المسلمون کے قتل عام کا حکم دے دیا



[illegible]

مقبوضہ کشمیر میں اسلامی انقلاب کے اعلان سے دہلی سخت خوفزدہ ہے۔ واشنگٹن پوسٹ

کشمیر یوں کے ملک پاکستان کے ساتھ جتنے بھی مضبوط رشتے ہیں سب سے مضبوط رشتہ اسلام کا ہے۔ امریکی اخبار کی رپورٹ

[illegible]

مرادآباد میں پولیس کے شرمناک جرائم کی تصویری کہانی اصلی بھارت نے شائع کر دی

عید گاہ چند گھنٹوں میں قربان گاہ بنا دی گئی جہاں مرد، زن، بچے، انسانی لاشیں پڑی تھیں۔ [illegible]

[illegible]


پاکستانی فوج سعودی عرب میں نہیں بھیجی گئی۔ تردید

[illegible]

نئی صوبائی لاٹری، جیسے آپ ایک طرح سے نہیں جیتیں تو دوسرے تین طریقوں سے جیت سکتے ہیں۔

INTRODUCING THE NEW

"IF YOU DON'T WIN ONE WAY, YOU CAN STILL WIN THREE OTHER WAYS PROVINCIAL".



1 سات اعداد پر مشتمل نمبر کی نئی لاٹری کھیلئے اور ایک ملین ڈالر، دس ہزار ڈالر، ایک ہزار، ایک سو، یا ۲۵ ڈالر جیتیئے

2 ۔۔۔ کے باکس کھیل کر ایک ملین، دس ہزار، ایک سو یا ۲۵ ڈالر جیتیئے

3 لاٹری کے نئے طریقہ کار کے تحت ۲۵ ہزار ڈالر جیتیئے

4 دس خانہ کھرچ کر ایک ہزار ڈالر سے کر ۔۔۔ مفت ٹکٹ جیتیئے

The Provincial
A better chance for everyone.

نئی صوبائی لاٹری کھیلئے ۵ ڈالر میں آپ بغیر ٹکٹ ۔۔۔ جیت سکتے ہیں۔ پہلی ماہانہ قرعہ اندازی ۲۸ ستمبر کو ہوگی۔

ایک افغان مہاجر سے انٹرویو

زینت سلیم۔ پشاور

ہم اپنے مُلک پر کافروں کا تسلّط برداشت نہیں کر سکتے

اسلام ہمیں اپنی اور اپنے بچوں کی جان سے زیادہ پیارا ہے

گلناز: آپ لوگوں نے اپنا ملک کیوں چھوڑ دیا؟

خدا کے دشمنوں سے
ہماری جنگ آخری فتح
تک جاری رہے گی!

عورت اور جذبۂ آزادی

غزالہ فردوسی

بھارتی سفیر کے اعزاز میں فلمساز محمد علی کی ضیافت کا بائیکاٹ

اکثر مدعوئین دعوت شروع ہونے سے پہلے معذرت کر کے واپس چلے گئے

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

ملک میں سیاسی خلا ہے غیر یقینی صورتحال ختم ہونی چاہیئے

میں سیاسی نظام کے بارے میں اپنا منصوبہ کچھ عرصے بعد پیش کروں گا آئندہ نظام مکمل طور پر اسلام سے ہم آہنگ اور عوام کی امنگوں کا آئینہ دار ہوگا سیاسی جماعت بنانے یا انتخاب لڑنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا

امیدواروں کی اہلیت کا مسئلہ وزارت قانون کے زیر غور ہے

سابق وزیر قانون بروہی کی خدمات بھی حاصل کرلی گئی ہیں

جب تک پارلیمنٹ وجود میں نہ آجائے علماء ہی میری مجلس شوریٰ ہیں



پاکستان کو ایٹمی طاقت بننے سے اب نہیں روکا جاسکتا ہر سال ایٹم بنایا جاسکے گا

عرب ممالک پاکستان کے ایٹمی پروگرام میں بھرپور مدد کر رہے ہیں

جنگی حکمت عملی کے بین الاقوامی مطالعاتی ادارے کی رپورٹ



Read or Collect Books

- ☐ on Islam
- ☐ classics
- ☐ poetry
- ☐ novels

Crescent Book Service

747 Don Mills Rd., #103
Don Mills, Toronto, Ontario
Canada M3C 1T2
PHONE: (416)424-1969/423-4374

fortnightly al-Hilal

VOL.9,NO.13 25 ¢
SEPTEMBER 15, 1980
Phone: 424-1989, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

قومی وسائل سے ایٹمی ایندھن کی تیاری پاکستانی سائنسدانوں کا عظیم کارنامہ ہے منیر احمد خاں

ایٹمی پروگرام کے بارے میں پاکستان کا کسی اسلامی ملک سے کوئی سمجھوتہ نہیں

پاکستان نے ایٹمی ایندھن تیار کر لیا
کراچی کے بجلی گھر نے کام شروع کر دیا

بھارتی پولیس نے مسلمانوں کیخلاف انتہائی بربریت کا مظاہرہ کیا ہے

مقبوضہ کشمیر میں اسلامی جمعیت طلبہ کا جلوس، پولیس کا لاٹھی چارج اور فائرنگ

طلبہ کو روکنے کیلئے پولیس نے اندھا دھند کارروائی شروع کردی

ایران میں فوجی بغاوت کا منصوبہ برطانیہ اسرائیل اور بہائیوں نے مل کر بنایا تھا

جاسوسی کا بین الاقوامی گروہ امریکی سی آئی اے اور اسرائیلی موساد سے وابستہ ہے

ملک گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہوگیا اب محفوظ ذخیرے کیلئے گندم درآمد کرنا ہوگی

آبادی کی شرح سنگین حد تک زیادہ ہے پیداوار بڑھا کر اس کا مقابلہ کیا جائے

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورنٹو کینیڈا

سالانہ زر خریداری برائے کینیڈا و امریکہ: دس ڈالر
ششماہی: چھ ڈالر - دو سال کیلئے: اٹھارہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....
Address ....
Postal Code ....
Telephone No. ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور ذیل کے پتہ پر بھیجئے

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ "الہلال" کے ساتھ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بھی منگوانا چاہتے ہیں تو یہاں نشان لگائیے ☐